AL-JAMIA-TUS-SALAFIAH
(MARKAZI DARUL-ULOOM)
VARANASI, INDIA

الجامعۃ السلفیۃ
(مرکزی دارالعلوم)
بنارس، الہند

جامعہ سلفیہ (مرکزی دارالعلوم) بنارس کا پیغام ابنائے قدیم کے نام

گرامیٔ قدر جناب ابنائے جامعہ سلفیہ بنارس

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ مادرِ علمی جامعہ سلفیہ (مرکزی دارالعلوم) بنارس میں ابنائے قدیم کا **تیسرا دو روزہ اجتماع 22،21 نومبر 2026ء، بروز سنیچر و اتوار** منعقد ہونے جارہا ہے۔ تمام ابنائے قدیم سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ اس علمی وتربیتی اجتماع میں شرکت کو یقینی بنانے کی حتی المقدور کوشش فرمائیں اور اس پیغام کو ہی دعوت نامہ سمجھیں۔

شرکت کے خواہش مند تمام ابنائے قدیم سے گذارش ہے کہ **10 نومبر 2026ء تک اپنا رجسٹریشن ضرور مکمل کرلیں**، تاکہ قیام وطعام اور دیگر انتظامات بہتر انداز میں انجام دیا جاسکے۔ نیز جن حضرات کی کوئی تصنیفی، تحقیقی یا علمی خدمت ہو تو وہ اس کی تفصیلات بھی ضرور فراہم کریں، تاکہ جامعہ کے ریکارڈ میں اسے محفوظ کیا جاسکے۔

نیز سیمینار کے عناوین جامعہ کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ علمی وتحقیقی ذوق رکھنے والے ابنائے قدیم سیمینار کے مرکزی عنوان سے متعلق اپنی پسند کے کسی عنوان پر مقالہ تیار کرکے جامعہ کے ایمیل پر ارسال فرمادیں، نیز اجتماع میں اپنے ساتھ لائیں، تاکہ یہ علمی نشست افکار وتحقیقات کے تبادلے اور علمی وفکری روابط کے استحکام کا ذریعہ بن سکے۔

آئیے! اپنے مادرِ علمی کی اس اجتماع اور علمی سیمینار کو اتحاد واخوت، محبت وعقیدت اور علمی ودعوتی تعاون کے فروغ کا یادگار موقع بنائیں۔ آپ کی شرکت اس اجتماع کی رونق، آپ کی علمی کاوش اس کی زینت اور آپ کا تعاون اس کی کامیابی کا ضامن ہے۔

اللہ تعالیٰ اس اجتماع کو بابرکت بنائے، اسے جامعہ اور اس کے ابنائے قدیم کے مابین تعلق وتعاون کے فروغ کا ذریعہ بنائے اور تمام منتظمین کی کوششوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے، آمین۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبداللہ سعود سلفی
ناظم اعلی
جامعہ سلفیہ (مرکزی دارالعلوم) بنارس

پروگرام میں تعاون کے لیے

مزید معلومات کے لیے رابطہ کریں:

مولانا ابوصالح دل محمد سلفی
مدیر علاقات عامہ
9431350537

ای میل برائے ارسال مقالہ	oldboys@aljamiatussalafiah.org
رجسٹریشن برائے شرکت اجتماع	https://aljamiatussalafiah.org/old-boys-registration
جامعہ کا ویب سائٹ	https://aljamiatussalafiah.org/